© rasailojaraid.com



تعارف و تبصرہ

رئیس التحریر

# امام اعظم ابو حنیفہؒ کا عادلانہ دفاع

امام اعظم ابو حنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ پر بعض حلقوں کی طرف سے کیے جانے والے اعتراضات کے جواب میں ہر دور میں ممتاز اہل علم نے قلم اٹھایا ہے اور مختلف فقہی مذاہب سے تعلق رکھنے والے اکابر علماء کرام نے امام اعظمؒ کی علمی ودینی خدمات کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے ان پر کیے جانے والے اعتراضات وشبہات کا رد کیا ہے۔ اس سلسلہ میں عرب دنیا کے معروف حنفی عالم الاستاذ المحدث محمد زاہد الکوثری رحمہ اللہ تعالیٰ کی تصنیف "تانیب الخطیب" ایک قابل قدر علمی کاوش ہے جس میں پانچویں صدی کے محدث خطیب بغدادی رحمہ اللہ تعالیٰ کے اعتراضات کا جواب دیا گیا ہے۔ برادر عزیز مولانا حافظ عبد القدوس خان قارن سلمہ استاذ حدیث مدرسہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ نے اس کا ترجمہ اردو میں "امام اعظمؒ کا عادلانہ دفاع" کے نام سے کیا ہے جو اس وقت ہمارے سامنے ہے۔ سوا چار سو سے زائد صفحات پر مشتمل یہ کتاب "عمر اکادمی نزد گھنٹہ گھر گوجرانوالہ" نے عمدہ کتابت وطباعت، خوبصورت ٹائیٹل اور مضبوط جلد کے ساتھ پیش کی ہے اور اس کی قیمت ایک سو چالیس روپے ہے۔

## قادیانی شبہات کے جوابات

قادیانی گروہ کے ساتھ علماء اسلام کی گفتگو اور مباحثے عقیدہ ختم نبوت، حیات ونزول عیسیٰ علیہ السلام اور صدق وکذب مرزا قادیانی جیسے موضوعات پر ہر دور میں ہوتے رہے ہیں اور اس سلسلہ میں قادیانی گروہ کے مناظرین اور مصنفین کی طرف سے مختلف اعتراضات اور شبہات پیش کیے جاتے رہے ہیں جن کے جوابات اہل اسلام کے بہت سے محقق اور مناظر علماء کرام نے اپنے اپنے انداز میں دیے ہیں۔ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے مرکزی راہ نما حضرت مولانا اللہ وسایا نے اب تک سامنے آنے والے قادیانی شبہات واعتراضات اور ان کے جوابات کو یکجا مرتب کر کے شائع کرنے کا بیڑا اٹھایا اور اس سلسلہ کی پہلی کاوش "عقیدہ ختم نبوت" کے عنوان سے جلد اول کے طور پر پیش کی ہے جس میں حضرت علامہ سید محمد انور شاہ کشمیریؒ، حضرت پیر مہر علی شاہ گولڑویؒ، حضرت مولانا سید محمد علی مونگیریؒ اور حضرت مولانا ثناء اللہ امرتسریؒ جیسے اکابر سے لے کر حضرت مولانا محمد حیاتؒ، حضرت مولانا لال حسین اخترؒ اور حضرت مولانا منظور احمد چنیوٹی جیسے مناظرین تک کے جوابات وافادات کو جمع کر دیا ہے اور اس علمی محنت پر مولانا موصوف بلاشبہ تبریک وتشکر کے مستحق ہیں۔ تین سو کے لگ بھگ صفحات پر مشتمل یہ کتاب خوبصورت اور مضبوط جلد اور عمدہ کتابت وطباعت کے ساتھ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت حضوری باغ روڈ ملتان نے شائع کی ہے اور اس کی قیمت ایک سو روپے ہے۔

## تاریخ المشاہیر

سیرت النبیؐ پر اردو کی شہرہ آفاق کتاب "رحمۃ للعالمین" کے مصنف حضرت مولانا قاضی محمد سلیمان منصور پوری رحمہ اللہ تعالیٰ اب سے ایک صدی قبل اخبار "وکیل" میں ملت اسلامیہ کی عظیم شخصیات پر مسلسل مضامین لکھتے رہے ہیں اور ان کی یہ نگارشات اہل علم میں بہت مقبول ہوئی ہیں۔ زیر نظر کتاب ان مضامین کا مجموعہ ہے اور اس میں فقہاء کرامؒ، محدثینؒ، مشائخؒ، قضاۃؒ، ملوک ووزراء اور شعراء وادباء میں سے چیدہ چیدہ شخصیات کے حالات اور کارناموں کا تذکرہ کیا گیا ہے۔ سوا تین سو کے لگ بھگ صفحات پر مشتمل یہ کتاب عمدہ کتابت وطباعت، خوبصورت ٹائیٹل اور مضبوط جلد کے ساتھ "بیت العلوم ۲۰ نابھہ روڈ پرانی انارکلی لاہور" نے شائع کی ہے اور اس کی قیمت کتاب پر درج نہیں ہے۔

## ماہنامہ "محدث" لاہور کا سود نمبر

اہل حدیث مکتب فکر کے ممتاز عالم دین اور دانش ور مولانا حافظ عبد الرحمن مدنی کی زیر ادارت شائع ہونے والے علمی جریدہ "محدث" کا سود کے بارے میں خصوصی شمارہ ہمارے سامنے ہے جس میں مسئلہ سود کے مختلف پہلوؤں پر اہل علم کی وقیع نگارشات کے ساتھ ساتھ سپریم کورٹ آف پاکستان میں سود پر ہونے والی بحث کی مختصر اور جامع رپورٹ، سپریم کورٹ کے سوالنامہ کا تفصیلی جواب اور سپریم کورٹ میں مدیر "محدث" کی طرف سے پیش کیا جانے والا تحریری بیان بھی شامل ہے اور اس طرح اس موضوع سے دلچسپی اور مطالعہ وتحقیق کا ذوق رکھنے والے حضرات کے لیے اچھا خاصا مواد جمع کر دیا گیا ہے۔ "محدث" کا یہ "سود نمبر" ستمبر واکتوبر ۹۹ء کا مشترکہ شمارہ ہے جو ۲۴۰ صفحات پر مشتمل ہے اور اسے دفتر ماہنامہ "محدث" ۹۹ جے ماڈل ٹاؤن لاہور سے طلب کیا جا سکتا ہے۔

## نومسلم خواتین کی ایمان افروز آپ بیتیاں

عام طور پر کہا جاتا ہے کہ مغربی ممالک میں اسلام قبول کرنے والوں میں خواتین کی تعداد زیادہ ہے جو مصنوعی اور غیر فطری معاشرتی نظام کے

© rasailojaraid.com